# Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ جمادی الاول ۱۳۵۳ھ مطابق یکم ستمبر ۱۹۳۴ عیسوی جلد

## حصۂ دویم

## احکام منسٹر صاحبان و سکرٹری صاحبان دربار

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر | ۲ | ۵ | فہرست مقدمات ڈگری کورٹ | ۸و۹ |
| " اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر | ۳ | ۶ | احکام اجلاس ناظم صاحب جنوبی | ۱۰ |
| " اجلاس صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر | ۳تا۴ | ۷ | ( نرخنامہ اجناس ) | ۱۱ |
| " اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر | ۴ | ۸ | ( نقشہ بارش ) | ۱۲ |

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

# احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

## روبکار

۲۶ اگست ۱۹۳۲ء

قبل ازیں بتاریخ ۱۷ دسمبر ۱۹۳۱ء اجلاس ہمایوں بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم سے یہ حکم صادر فرمایا جا چکا ہے کہ کاغذات میں دفاتر سے تحریریں بخط شکست لکھی جاتی ہیں جنہیں صفائی نہیں ہوتی اور جو دستخط کئے جاتے ہیں وہ بھی پڑھنے میں نہیں آتے۔ لہذا جملہ صیغہ جات میں تحریریں خوشخط اور صاف لکھی جائیں اور دستخط کئے جائیں جو صاف طور پر پڑھنے میں آئیں۔

اور اس بابت بھی احکام شرف صدور پاچکے ہیں کہ ایک صفحہ کے اوپر سلسلہ کے ساتھ حکم لکھے جایا کریں۔ اور جا بجا حکم سے زائد نہ ہوں اور کاغذات میں چھوٹے پرچے لگائے جاتے ہیں جو خلاف قاعدہ ہونے کے علاوہ مسل کی بندش کو خراب کردیتے ہیں ضرورت ہے کہ مسل کے جملہ اوراق ایک سائز کے شامل ہوں لیکن اکثر دیکھا جاتا ہے کہ ان احکام صادرہ کی پابندی پورے طور پر نہیں کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

آئندہ سے ان احکام کی پورے طور پر تعمیل کیجائے اور احتیاط رکھی جائے کہ خلاف حکم عمل نہ ہو سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## منسوخی رخصت

واقع ۲۸ اگست ۱۹۳۲ء

حسب تحریر جناب صاحبزادہ ہوم منسٹر بہادر مختار علیخاں سفر مرم صیغہ سول کی رخصت ایک ماہ رعایتی منظور شدہ بوجہ عدم استفادہ منسوخ کیجاتی ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## رخصت

واقع ۳۰ اگست ۱۹۳۲ء

مسودہ تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر مرسلہ درخواست محمد رضاخاں ٹھیکدار بشمول منظوری رخصت پانچ یوم من ابتدائے ۲۷ لغایت ۳۱ اگست و عطائے اجازت یکم ستمبر یوم تعطیل برائے روانگی کوہ بھوالی۔

حکم

حسب تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر و تصدیق اکاؤنٹ آفس منشی محمد رضا خاں ٹھیکدار کی رخصت پانچ یوم ۲۷ لغایت ۳۱ اگست رعایتی اور یکم ستمبر ۱۹۳۲ء یوم تعطیل کی اجازت منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

## رخصت

مثبتہ درخواست سید آغا ابراہیم ٹھیکدار اجلاس عالیجناب صاحب چیف منسٹر بہادر بابت عطائے رخصت رعایتی یکماہ من ابتدائے ۲ ستمبر لغایت یکم اکتوبر ۱۹۳۲ء بغرض علاج اہلیہ خود بمقام دہلی۔

حکم

سید آغا ابراہیم ٹھیکدار اجلاس کی رخصت ایک ماہ رعایتی ۲ ستمبر لغایت یکم اکتوبر ۱۹۳۲ء منظور ہے۔ نابسروہ کو استحقاق حاصل ہے۔ اکاؤنٹ آفس نے تصدیق کی ہے۔ ۳۰ اگست ۱۹۳۲ء صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ تاریخ ورنہ صدور ... دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

# احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## رخصت

واقع ۲۶ راگست ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف انجنیئر بہادر بابتہ منظوری رخصت رعایتی مزید چھ یوم معین الدین فٹر ملازم صیغہ روشنی برقی مشاہرہ وار تیس روپیہ از ۲۷ رجولائی ۱۹۳۳ء مصدقہ اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب۔

### حکم

چھ روز کی مزید رعایتی رخصت بسلسلہ رخصت سابقہ منظور ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## رخصت

واقعہ ۱۰ راگست ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب چیف انجنیئر بہادر بابتہ منظوری رخصت رعایتی مزید دس یوم معین الدین فٹر ملازم صیغہ بجلی گھر مشاہرہ وار تیس روپیہ از ۹ راگست ۱۹۳۳ء مصدقہ اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب۔

### حکم

بسلسلہ رخصت سابقہ دس روز کی مزید رعایتی رخصت منظور کیجاتی ہے صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر

## رخصت

واقع ۳۰ راگست ۱۹۳۳ء

مثبتہ یادداشت صاحب چیف انجنیئر بہادر بابتہ منظوری رخصت علالت مزید پندرہ یوم بوضع نصف تنخواہ ولال بہادر ہیڈ کلرک واٹر ورکس تنخواہی تیس روپیہ از ۱۰ راگست ۱۹۳۳ء لغایتہ یکم ستمبر ۱۹۳۳ء

### حکم

حسب تصدیق صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل منشی لال بہادر ہیڈ کلرک واٹر ورکس کی پندرہ روز کی بیماری کی مزید رخصت بوضع نصف تنخواہ بسلسلہ رخصت سابقہ منظور کیجاتی ہے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط فارسی صاحب ریونیو منسٹر بہادر

# احکام اجلاس جناب پولیٹیکل منسٹر بہادر

## رخصت

بذریعہ یادداشت ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول دربارہ منظوری
رخصت مزید رعایتی بیس یوم قاضی علی الدین کلرک
از ۲۹ راگست ۱۹۳۳ء بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ
علالت زوجہ نامبردہ ۔ حکم

بموجب رپورٹ قاضی علی الدین کلرک کی مزید رخصت رعایتی
بیس یوم من ابتدائے ۲۹ راگست ۱۹۳۳ء بسلسلہ سابقہ منظور ہے
احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۶ راگست ۱۹۳۳ء

دستخط جناب پولیٹیکل منسٹر بہادر

## رخصت

ریاض الحسن خاں مدرس مدرسہ الپو کلاں خیرو تحصیل نے
۳ یوم ۱۷ تا ۲۳ راگست کی رخصت اتفاقیہ حاصل کی تھی۔
۲۲ راگست کو جمعہ تھا۔ نامبردہ نے ۲۵ لغایت ۳۰ راگست
۷ یوم کی رخصت علالت کی دوسری درخواست گزرانی
ہے مدرس مذکور کو رخصت اتفاقیہ کا حق باقی نہیں رہا
اور ایک ہی سلسلہ میں دو قسم کی رخصت نہیں مل سکتی
لہذا حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس یکجائی رخصت
اتفاقیہ ۳ یوم ۱۷ تا ۲۳ راگست ۱۹۳۳ء اور ریاض الحسن خاں
مدرس کی رخصت علالت سات یوم من ابتدائے ۲۴ لغایتہ
۳۰ راگست ۱۹۳۳ء بوضع نصف تنخواہ منظور کیجاتی ہے
احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۶ راگست ۱۹۳۳ء

دستخط [illegible]

## رخصت

بذریعہ یادداشت انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ منظوری
رخصت علالت ایک ہفتہ شیو نرائن انگلش ٹیچر مدرسہ
تحصیل ملک بوضع نصف تنخواہ از ۲۳ راگست ۱۹۳۳ء

حکم

بموجب رپورٹ شیو نرائن انگلش ٹیچر کی رخصت علالت ایک ہفتہ
من ابتدائے ۲۳ راگست ۱۹۳۳ء بوضع نصف تنخواہ منظور کیجاتی ہے
احکام ضابطہ جاری ہوں ۲۶ راگست ۱۹۳۳ء

دستخط جناب پولیٹیکل منسٹر بہادر

## تبادلہ

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بھگوان پرشاد انگلش ٹیچر
مدرسہ راجہ دوارہ تنخواہی [illegible] اور ریاض الدین خاں انگلش ٹیچر
مدرسہ گیر گئے بازخان شاہرہ و [illegible] کا باہمی تبادلہ کیا جانا
منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
۲۳ راگست ۱۹۳۳ء — دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

## رخصت

بموجب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول و تصدیق اکاونٹنٹ آفس
ماسٹر ابرار احمد صاحب کی مزید رخصت رعایتی ایک ماہ من ابتدائے
۱۸ راگست ۱۹۳۳ء بوضع نصف تنخواہ منظور ہے احکام ضابطہ جاری ہوں
۲۶ راگست ۱۹۳۳ء — دستخط جناب پولیٹیکل منسٹر بہادر

## رخصت

بذریعہ یادداشت جناب ڈپٹی سکریٹری دارالانشاء مع تحریر جناب اکاونٹنٹ جنرل
مع درخواست رخصت رعایتی دس یوم منشی محمد انوار الحسن محافظ دفتر
دارالانشاء [illegible] از ۲۱ لغایتہ ۳۰ راگست ۱۹۳۳ء

منشی انوار الحسن محافظ دفتر دارالانشاء کی ۲۱ راگست ۱۹۳۳ء سے دس یوم کی رخصت رعایتی
منظور ہے سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں
۲۶ راگست ۱۹۳۳ء (دستخط جناب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

# تبادلہ جات

واقع ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء

نیہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بدیں خلاصہ تحقیقات موقع سے باشندگان بلاسپور کو بشیر احمد مدرس دوم کے چال چلن کا شاکی پایا گیا۔ اس بنا پر وہاں سے نامبردہ کا تبادلہ مناسب ہوگا۔ لہذا حسب تفصیل تحت تبادلہ جات منظور فرمائے جاویں۔

## حکم

تجاویز مذکورہ بالا منظور ہیں۔ عبدالرحیم کا تقرر فی الحال (چھ) ماہ کیلئے امتحاناً ہوگا۔ بشیر احمد کو تنبیہ کردیا جائے کہ آیندہ سے محتاط رہنا چاہئے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

---

بشیر احمد مدرس دوم مدرسہ تحصیلی بلاسپور تنخواہ ماہوار تیرہ روپیہ (دو) روپیہ ماہوار الاؤنس کا تبادلہ بہ مسدودی الاؤنس بہ مدرسہ ملک خانم تحصیل سوار کو۔

سید مہدی حسن مدرس مدرسہ ملک خانم تنخواہ اٹھارہ روپیہ تبادلہ بہ تنخواہ موجودہ بہ مدرسہ منڈیان مداری تحصیل حضور

سید جمیل حسن مدرس مدرسہ منڈیان مداری تنخواہ [illegible] تبادلہ بہ مدرسہ اجیت پور تحصیل حضور بہ تنخواہ موجودہ۔

جمشید علیخان مدرس مدرسہ اجیت پور تنخواہ ماہوار دس روپیہ تبادلہ بہ تنخواہ موجودہ بہ مدرسہ ٹمریا تحصیل حضور۔

انوار حسین مدرس مدرسہ ٹمریا تنخواہ گیارہ روپیہ تبادلہ بہ تنخواہ موجودہ بہ مدرسہ جدید جاری ہونے والے مدرسہ بھلونت نگر تحصیل سوار کو۔

تبادلہ بشیر احمد سے مدرس دوم مدرسہ تحصیلی بلاسپور کی جگہ خالی ہوتی ہے۔ اور چار روپیہ ماہوار الاؤنس کے بچتے ہیں

ولایت حسین خاں نائب مدرس موجودہ تنخواہ ماہوار پندرہ روپیہ ماہوار بلاسپور ہی کے ساکن ہیں اور بااثر ہیں۔ فروری ۱۹۳۳ء سے قبل ڈیڑھ برس تک بہ مدرسہ تحصیلی بلاسپور کے مدرس اول بھی رہ چکے ہیں۔ بنا بریں ان کو بعطائے الاؤنس دو روپیہ ماہوار مدرس دوم بنایا جانا بہبودی و ترقی مدرسہ کیلئے مناسب ہے۔

(۷) ولایت حسین خاں کی جگہ پر عبدالرحیم مڈل پاس جنکے تقرر کی سروس سلیکشن بورڈ سے منظوری ہو چکی ہے۔ بمشاہرہ تیرہ روپیہ دو روپیہ ماہوار الاؤنس تقرر منظور فرمایا جاوے۔

(۸) بشیر احمد کے چار روپیہ ماہوار الاؤنس میں سے دو روپیہ ولایت حسین خاں کو دینے کے بعد دو روپیہ ماہوار بچتے ہیں جو عبدالرحیم کو دیئے جاسکتے ہیں کیونکہ بلاسپور کی آب و ہوا خراب ہے اور ہر امیدوار مفصلات میں جانے سے بچتا ہے۔

(۹) بجٹ سال رواں میں مدرسہ پٹوائی تحصیل شاہ آباد کیلئے ایک نائب مدرس تیرہ روپیہ تنخواہ کا منظور ہوا ہے مدرسہ پٹوائی میں جب سکیم مجوزہ مدرس کو چار روپیہ الاؤنس دینے سے نائب مدرس کی وہاں ضرورت باقی نہیں رہتی عبدالرحیم کی تنخواہ اس آسامی سے پوری ہوسکتی ہے۔

---

# تقرر

حسب سفارش پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ مفصل ذیل تقرر منظور کئے جاتے ہیں۔

۱۔ درجہ ہشتم۔ مولوی محمد نبی خاں صاحب سابق مدرس مدرسہ عالیہ بشاہرہ تیرہ روپیہ ماہوار۔

۲۔ درجہ ہفتم۔ مولوی عبدالرحمن خاں۔ سابق مدرس مدرسہ عالیہ بشاہرہ چودہ روپیہ ماہوار۔

۳۔ انگلش ٹیچر ماسٹر عبدالحی بی۔ ایس۔ سی بشاہرہ الاؤنس پندرہ روپیہ ماہوار فی الحال بہ تقرر تاریخ کارگزاری سے چھ ماہ کے لئے امتحاناً ہونگے اس کے بعد پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ کی رپورٹ پر ان کی مستقلی پر غور کیا جائیگا۔

مولوی محمد نبی خاں صاحب کی جگہہ کے لئے انسپکٹر صاحب مدارس تعلیم یافتہ رامپوری اُمیدواروں میں سے کسی کو تقرر کی کارروائی کرینگے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

# برخاستگی

۳۰ اگست ۱۹۳۴ء

بھوکن لال ہندی ٹیچر مڈل اسکول نے ۲ جولائی ۱۹۳۴ء کو درخواست رخصت دس ماہ من ابتدائی ۸ جولائی ۱۹۳۴ء گزرانی اور قبل منظور رخصت مطلوبہ خلاف قاعدہ اپنی ڈیوٹی سے غیر حاضر ہوگیا اس کا جواب تسلی بخش نہیں۔ لہذا حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بھوکن لال ہندی ٹیچر مذکور باشندہ ضلع غیر ۲ جولائی ۱۹۳۴ء سے ملازمت کی خارج کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ

جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

# احکام اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

## تبادلہ

۲۷ اگست ۱۹۳۳ء

امجد علی ہیڈ آبدار تنخواہ دار [illegible] روپیہ ماہوار کے متعلق اسسٹنٹ کنٹرولر صاحب ہاؤس ہولڈ نے شکایت کی ہے کہ وہ کام اچھا نہیں کرتا۔ اور ہیڈ منصرم کا اثر نہیں مانتا۔ ہیڈ منصرم اس کے کام سے مطمئن نہیں ہیں اور خاص باغ پیلیس میں معزز مہمانات کی مہمانداری کا کام ہے۔ وہاں ایسے آدمی کی تعیناتی کی ضرورت ہے۔ جو ہیڈ منصرم کی حسب ہدایت مستعدی سے کام کرتا رہے۔ لہذا حسب تجویز کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ امجد علی ہیڈ آبدار کا تبادلہ خاص باغ پیلیس سے میں اسٹاف قلعہ معلی میں خدمتگاری پر منظور ہے۔ اور تین خدمتگار کو بجائے امجد علی کے خاص باغ میں ہیڈ آبداری پر تبدیل کیا جاتا ہے۔
ہر شخص جائے تعیناتی کی تنخواہ پائیگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

## رخصت

۲۸ اگست ۱۹۳۳ء

حسب سفارش صاحب ملٹری سکریٹری بہادر و تصدیق سررشتہ اکاؤنٹنٹ جنرل رحمت اللہ خان تنخواہ دار [illegible] روپیہ ماہوار صیغہ مصاحبین کی رخصت رعایتی [illegible] یوم من ابتدائے ۷ ستمبر ۱۹۳۳ء منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

## انتظام آسامی

حکیم احمد الدین ایمرا اجلاس تنخواہ دار پندرہ روپیہ ماہوار کا ۲۲ اگست کو انتقال ہو گیا۔ تاریخ فوتی سے نامبردہ کا نام ملازمت سے خارج کیا جائے اس جگہ کے لئے امیدواران ملازمت کی متعدد درخواستیں پیش ہوئیں۔ لیکن ہمارا منشاء یہ ہے کہ صیغہ جات ماتحت کی کم تنخواہ کے ملازمان کو جو اس کام کے اہل ہوں۔ ترقی کا موقع دیا جائے۔ اور نیا ملازم ابتدائی تنخواہ پر رکھا جائے۔
لہذا حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے۔

(۱) مسیح بہادر محرر فراش خانہ تنخواہ دار دس روپیہ ماہوار باضافہ دو روپیہ بارہ روپیہ ماہوار پر اجلاس ہذا میں یکم ستمبر ۱۹۳۳ء سے تبدیل ہو۔

(۲) فراش خانہ میں انکی جگہ چندا پیاری خان تخفیف شدہ باقی جو تنخواہ دس روپیہ ماہوار مقرر ہو۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ بعد اجرائے احکام کاغذات سروس سلیکشن بورڈ میں پیش ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

# عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور بحکم اجلاس مسٹر معظم علیخانصاحب بہادر چیف جسٹس

فہرست پیشی مقدمات جن کی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں سن ابتدائے ۲۴ اگست ۱۹۳۳ء لغایت ۳۰ اگست ۱۹۳۳ء ہوئی منشاکہ برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ ۳۰ اگست ۱۹۳۳ء دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

| تاریخ | دن | نام اجلاس | نام فریقین | نوعیت مقدمہ | نتیجہ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ۲۴ اگست ۱۹۳۳ء | جمعہ | × | × | × | تعطیل |
| ۲۵ اگست ۱۹۳۳ء | شنبہ | مسٹر معظم علیخانصاحب بہادر چیف جسٹس | نثار علی بنام دہوی وغیرہ | نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۹۲/۱۱۴ ت | آج پیش ہو کر برائے داخل رسوم ۲۷ اگست سنہ حال مقرر ہوا |
| " | " | مسٹر معظم علیخانصاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس گنگا کشور صاحب بہادر | پربھو ناتھ بنام طوطا رام | اپیل دیوانی دعوے نالش | برائے سماعت ۹ ستمبر سنہ حال مقرر ہوئی |
| " | " | مسٹر معظم علیخانصاحب بہادر چیف جسٹس | عبدالکریم بنام عنایت علیخاں | اپیل دیوانی دعوی نالش | برائے سماعت ۳۰ اگست حال مقرر ہوئی |
| ۲۶ اگست ۱۹۳۳ء | یکشنبہ | . | . | . | . |
| ۲۷ اگست ۱۹۳۳ء | دوشنبہ | مسٹر جسٹس گنگا کشور صاحب بہادر | سرکار بہادر بنام جوگراج | سیشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت | بقیہ ثبوت پیش کرنیکے واسطے ۲۸ اگست سنہ حال مقرر ہوئی |
| " | " | مسٹر معظم علیخانصاحب بہادر چیف جسٹس | ٹیکارام وغیرہ بنام مداری لال وغیرہ | نگرانی دیوانی دعوی بیدخلی اسامی | نگرانی نامنظور ہوئی |
| " | " | ایضاً | محمد جان خاں وغیرہ بنام مزاج بیگم | نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت | برائے صدور تجویز ۳۰ اگست حال مقرر ہوئی |
| " | " | ایضاً | نثار علی بنام دہوی خاں وغیرہ | نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۹۲/۱۱۴ ت | بوجہ عدم ادخال رسوم عدالت نگرانی خارج ہوئی |
| ۲۸ اگست ۱۹۳۳ء | سہ شنبہ | ایضاً | سید علی بنام سرکار بہادر | نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۵ حرف د قانون مسکرات | نگرانی نامنظور ہوئی |
| " | " | ایضاً | محمد جان خاں و مساۃ [illegible] بنام مزاج بیگم | نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت | نگرانی بمقابلہ مزاج بیگم منظور ہوئی اور بمقابلہ محمد جان خاں نامنظور ہوئی |

حصہ دوم — ماہواری رپورٹ گزشتہ مطبوعہ یکم ستمبر [illegible] — نمبر ۲

| تاریخ | دن | نام اجلاس | نام فریقین | نوعیت مقدمہ | نتیجہ |
|---|---|---|---|---|---|
| [illegible] | [illegible] | مسٹر سنظم علیخانصاحب بہا چیف جسٹس | عبد الکریم بنام عنایت علیخاں | اپیل دیوانی دعویٰ حق [illegible] | زیر تجویز |
| ״ | ״ | ایضاً | نزاکت حسین خاں بنام سرکار دولتمدار | اپیل فوجداری جرم دفعہ ۴۲۲ ت | برائے استماع دوبارہ اگست حالی مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر | سرکار بہادر بنام جوگراج | ابتدائی سیشن جرم دفعہ [illegible] ت | صفائی پیش کرنے کے واسطے ا ستمبر حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ایضاً | منی لال بنام فرم بابو رام کشن لال | اپیل دیوانی دعویٰ ماہیجہ | برائے سماعت ا ستمبر حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | ایضاً | سوہن لال بنام رگھناتھ پرشاد | ابتدائی دیوانی دعوے معاوضہ [illegible] | باستطارہ حکم منتقلی ۵ ستمبر حال مقرر ہوئی |
| [illegible] | [illegible] | مسٹر سنظم علیخاں صاحب بہا چیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر | بنسی دہر ... بنام ... نند کشور | اپیل مالی دعوے [illegible] | برائے سماعت ۸ ستمبر حال مقرر ہوئی |
| ״ | ״ | مسٹر سنظم علیخاں صاحب بہا چیف جسٹس | چندا بیگم وغیرہ بنام مولوی ریحان حسین | اپیل دیوانی نسبت [illegible] تولی | اپیل خارج ہوا |
| ״ | ״ | ایضاً | نزاکت حسین خاں بنام سرکار بہادر | اپیل فوجداری جرم دفعہ ۴۲۶ ت | زیر تجویز |
| [illegible] | [illegible] | ایضاً | صدیقا بنام محمد رفیق | نگرانی دیوانی دعوے دین مہر | زیر پیشی |
| ״ | ״ | مسٹر سنظم علیخانصاحب بہا چیف جسٹس و مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر | امجد علی خاں بنام مصطفیٰ حسین خاں | اپیل مالی دعوے [illegible] | زیر پیشی |
| ״ | ״ | مسٹر سنظم علیخانصاحب بہا چیف جسٹس | عبد الکریم بنام عنایت علیخاں | اپیل دیوانی دعویٰ [illegible] | اپیل نامنظور ہوا |
| ״ | ״ | مسٹر جسٹس رگھنند کشور صاحب بہادر | لال [illegible] بنام گوری شاد | درخواست اجرا نسبت [illegible] ڈگری | مثل بوجہ عدم پیروی خارج کیگئی |

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

# احکام اجلاس ناظم صاحب حلقہ جنوبی

## تبادلہ

۲۲ اگست ۱۹۳۳ء

مثل درخواست متھو لال کلیان وغیرہ مزارعان موضع چکنا تحصیل حضور شکایت بابت [illegible] خاں ضلعدار و [illegible] لال پٹواری بابتہ وصول رقم ناجائز۔

حکم

میں آج صبح اس موضع کو بغرض تحقیقات شکایت ملان گیا تھا۔ سائلان چونکہ عرضی دے کے گذرانے کے واسطے رامپور آئے ہوئے تھے اسوجہ سے اپنے مسکن موضع چکنا سے غیر حاضر تھے مجھے صرف ایک کاشتکار گاؤں میں ملا۔ اس نے دریافت کرنے پر کوئی شکایت ضلعدار نہیں کی میں نے حسابات موضع چکنا کی جانچ کی میں نے رسیدیں بھی دیکھیں بہت سی رسیدات ایسی پائیں جو ابتک جاری نہیں کی گئی ہیں اس سے ثابت ہوتا ہے کہ رسیدات ضلعدار نے بوجہ طمع نفسانی نہیں جاری کی ہیں۔ ممکن ہے کہ ضلعدار کاشتکاران سے ناجائز حق مانگتا ہوگا اور ان پر دباؤ ناجائز ڈالنے کی غرض سے ان کو رسیدات نہیں دی ہیں۔ میری رائے میں ان کاشتکاران سے کوئی رقم ضلعدار کو وصول نہیں ہوئی ہے۔ بلکہ ضلعدار کی کوشش وصول ناجائز کی معلوم ہوتی ہے۔ اگر ضلعدار ان اسامیان سے کوئی رقم زیادہ وصول کرلیتا تو رسیدات ان کو دیتا میری رائے میں تبادلہ ضلعدار کا اس حلقہ سے ضروری معلوم ہوتا ہے لہذا پیارے خاں ضلعدار کا تبادلہ حلقہ آغاپور کو کیا جاتا ہے اور عظمت اللہ خاں ضلعدار آغاپور کا تبادلہ بجائے پیارے خاں ضلعدار موضع چکنا کیا جاتا ہے بغرض عملدرآمد پاس تحصیلدار صاحب حضور تحصیل مرسل ہو ۲۲ اگست ۱۹۳۳ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

حکم ثانی

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل باطلاع تبادلہ چارج مابین پیارے خاں ضلعدار حلقہ بجائے عظمت اللہ خاں ضلعدار حلقہ آغاپور کو آمدہ اجلاس کو اخراج ہوگئی ذریعہ صدر حسب ضابطہ اجرا احکام کرایا جاوے

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

## تبادلہ

۲۲ اگست ۱۹۳۳ء

حکم

سید محمد قاسم رضا ضلعدار حلقہ امرتا کا تبادلہ بجائے سید بشارت حسین ضلعدار [illegible] کیا جاتا ہے سید بشارت حسین حلقہ امرتا کا چارج لیں گے تحصیلدار صاحب تبادلہ چارج کرادیں۔ ۲۲ اگست ۱۹۳۳ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

حکم ثانی

مثل رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل باطلاع تبادلہ چارج مابین سید قاسم رضا و سید بشارت حسین ضلعداران۔

سررشتہ صدر سے حسب ضابطہ اجرا کیا جاوے

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

# نقشہ اجناس ریاست رامپور بابتہ ہفتہ چہارم ماہ اگست ۱۹۳۴ء

| نام جنس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | [illegible] | ۱۰/۱۳ | ۱۰/۱۲ | ۱۳ | ۱۳ | ۱۳ | |
| نخود خالص | [illegible] | ۱۰/۱۵ | ۱۸ | ۱۸ | ۱۵ | ۱۶ | |
| نخود گنده آمیز | [illegible] | ۱۷ | ۱۹ | ۱۹ | ۱۶ | ۱۷ | |
| [illegible] | [illegible] | ۱۷ | ۲۰ | ۲۰ | ۱۷ | ۱۸ | |
| ماش | [illegible] | ۱۰/۱۲ | . | ۱۲ | ۱۲ | ۱۲ | |
| مونگ | [illegible] | ۱۰/۱۲ | . | . | . | ۱۲ | |
| مکا | نرخ بازار | . | . | . | [illegible] | [illegible] | |
| جئی | [illegible] | . | . | . | ۲۰ | ۲۲ | |
| گوجئی | . | . | . | . | ۱۶ | ۲۱ | |
| عدس | [illegible] | ۱۴ | . | ۱۵ | ۱۵ | ۱۴ | |
| ارہر | [illegible] | ۱۵ | . | . | [illegible] | ۱۵ | |
| برنج | [illegible] | [illegible] اول نمبر | ۹ | ۹ | ۹ | ۱۰/۱۰ | |
| روغن زرد | ۱۱ چھٹانک | ۱۲ چھٹانک | ۱۲ چھٹانک | ۱۲ چھٹانک | ۱۲ چھٹانک | ۱۲ چھٹانک | |
| روغن سیاہ | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | |
| روغن کنجد | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | [illegible] | |
| نمک سانبھر | ۹ | ۹ | ۹ | ۹ | ۱۰ | ۹ | |
| نمک لاہوری | ۵ | ۸ | ۶ | ۷ | . | ۸ | |
| قند سیاہ | [illegible] | ۵ | ۶ | ۶ | ۵ | ۶ | |
| باجرہ | نرخ بازار | . | . | . | . | . | |

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

# نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتداء ۲۴ لغایت ۳۰ اگست سنہ ۱۹۳۴ء ریاست رامپور

| تاریخ و دن | صدر عالیہ | | تحصیل بلاسپور | | تحصیل سوار | | تحصیل شاہ آباد | | تحصیل ملک | | تحصیل ٹانڈہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | بارش حالیہ | بارش از جون | بارش حالیہ | بارش از جون | بارش حالیہ | بارش از جون | بارش حالیہ | بارش از جون | بارش حالیہ | بارش از جون | بارش حالیہ | بارش از جون |
| ۲۴ اگست ۱۹۳۴ء یوم | ۰ | ۲۳۵ | ۰ | ۳۶۶ | ۲ | ۲۸۳½ | ۱ | ۱۵۰ | ۰ | ۳۱۲ | ۳ | ۳۱۳ |
| ۲۵ اگست ۱۹۳۴ء یوم | ۸½ | ۲۴۳½ | ۱۱ | ۳۷۷ | ۲ | ۲۸۵½ | ۲ | ۱۵۲ | ۴ | ۳۱۶ | ۰ | ۳۱۳ |
| ۲۶ اگست ۱۹۳۴ء یوم | ۱ | ۲۴۴½ | ۳ | ۳۸۰ | ۰ | ۲۸۵½ | ۰ | ۱۵۲ | ۰ | ۳۱۶ | ۰ | ۳۱۳ |
| ۲۷ اگست ۱۹۳۴ء یوم | ۰ | ۲۴۴½ | نقشہ نہیں آیا | | نقشہ نہیں آیا | | نقشہ نہیں آیا | | نقشہ نہیں آیا | | ۰ | ۳۱۳ |
| ۲۸ اگست ۱۹۳۴ء یوم | ۰ | ۲۴۴½ | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | | نقشہ نہیں آیا | |
| ۲۹ اگست ۱۹۳۴ء یوم | ۰ | ۲۴۴½ | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | |
| ۳۰ اگست ۱۹۳۴ء یوم | ۰ | ۲۴۴½ | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | | بشرح صدر | |

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور